1989ء سے مسلسل اشاعت | 16 دسمبر تا 22 دسمبر 2022 | شمارہ نمبر 51 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands ICON of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS COLOR PAPER
*Sinar Tech*



### SINARSPECTRA COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# درآمدی پیپر و پیپر بورڈ کی نئی ویلیوایشن رولنگ کیلئے اجلاس 19 دسمبر کو طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ مقبول احمد بلوچ نے سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر، این سی آر اور کاروگیٹڈ پیپر کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے علیحدہ علیحدہ اجلاس 19 دسمبر 2022 بروز پیر کو طلب کر لیے ہیں جس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے۔ جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اسٹار کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، افتخار احمد لاہور، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی، پی سی ایل لیبلز پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، کوڈا بار پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور، مدنی پیپر مارٹ لاہور، انٹرلنک انجینئرنگ کراچی، سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، میکسم وی انٹرنیشنل لاہور، ایف ایم ٹریڈرز کراچی، یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ٹیک اسٹور لاہور، ڈیلکس پیکیجز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاپولر فوڈ انڈسٹری پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، عمارہ کمرشل پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، لیبل ایکسپرٹ کراچی، کوشر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاک پولی انڈسٹریز لاہور، ایم کامل سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاکستان پیپر پروڈکٹ لمیٹڈ، امپیکس ایجنسیز کراچی، اسٹار کنورٹرز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، بلھے شاہ پیکیجنگ پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی اور سنچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لاہور شامل ہیں۔ جبکہ کاروگیٹڈ کے لیے مندرجہ ذیل کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ اسٹیکر کی رولنگ نمبر 1533/2021۔ 27 مئی 2021 کو جاری کی گئی تھی۔ جبکہ آفسیٹ پیپر کی رولنگ نمبر 1532/2021 اور این سی آر کی رولنگ نمبر 1534/2021، 27 مئی 2021 کو جاری کی گئی تھی۔ آل پاکستان کاروگیٹڈ کارٹنز مینوفیکچررز ایسوسی ایشن لاہور، ٹیل الیکٹرانک پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، آرٹسٹک گارمینٹ انڈسٹریز کراچی، وی نیکسٹ پرائیوٹ لمیٹ کراچی، ڈینم کلاتھنگ کمپنی کراچی، الکرم ٹیکسٹائل ملز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، بلال انٹرنیشنل راولپنڈی، پاک انٹرنیشنل راولپنڈی، فارورڈ اسپورٹس پرائیوٹ لمیٹڈ سیالکوٹ، سی ایئر لینڈ راولپنڈی، یونس ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کراچی، ماشاء اللہ سینٹر راولپنڈی، انس انٹرنیشنل خیبر بارا، آراین آر انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ایچ این آر کمپنی پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، پاک الیکٹران لمیٹڈ، کوسٹل جیڈ ٹیکنالوجی پرائیوٹ لمیٹڈ فیصل آباد، ڈیزائن انٹرنیشنل کراچی، ٹرائی اینگلز الیکٹرانکس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ڈیجیٹل ورلڈ پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، نائس چین کو پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، رجبی انڈسٹریز کراچی، رحمت اللہ ٹریڈنگ کو راولپنڈی، علی ٹریڈنگ کو خیبر بارا، آرٹسٹک اپیرلز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، کچن کوزائن پرائیوٹ لمیٹڈ اسلام آباد، حضرت ٹریڈنگ کو راولپنڈی، طارق خان ٹریڈنگ کو راولپنڈی، سروس گلوبل فٹ ویئر لاہور، ایم آر انٹرنیشنل خیبر بارا، فلپ مورس پاکستان لمیٹڈ کراچی، کیژول اسپورٹس ویئر ایس ایم سی پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، پریسیشن اپلائنسز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی اور لکی نٹس پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی۔

# پیپر و پیپر بورڈ کی ویلیوایشن رولنگ کا کوئی جواز نہیں، محمد انیس

## قانونی طور پر کسٹم ویلیوایشن کو رولنگ عائد کرنے کے لیے انڈر انوائسنگ کے ثبوت پیش کرنا لازمی ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس نے ڈائریکٹر (G-III) ڈی جی ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کراچی کے نام ایک خط میں ان سے کہا ہے کہ نئی ویلیوایشن کے تعین کا کوئی جواز نہیں ہے کیونکہ ایچ ایس کوڈ 4802 اور 4810 کے تحت درآمد ہونے والے تمام پیپر و پیپر بورڈ موجودہ رولنگ سے زائد پر ظاہر اور کلیئر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے یہ خط 19 دسمبر کو اسٹیکر پیپر، آفسیٹ پیپر، کاروگیٹڈ اور این سی آر پیپر کے لیے طلب کئے گئے اجلاسوں پر ردعمل دیتے ہوئے لکھا ہے۔ محمد انیس نے کہا ہے کہ قانونی طور پر درآمدی اشیا کی ویلیوایشن کے تعین سے قبل کسٹم کو اس کے تعین کے لیے معقول جواز پیش کرنا ہوتا ہے اور کسٹم ایکٹ کی دفعہ 25-4 سے کیوں نکالا جا رہا ہے اور دفعہ 25A کے تحت انڈر انوائسنگ کے معقول ثبوت بھی فراہم کرنا ہوتے ہیں نہ کہ امپورٹر کی اپنی پیش کردہ زائد ویلیو ہی کو بنیاد پر نئی رولنگ متعین ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی رولنگز جو ویلیوایشن نے یکطرفہ طور پر جاری کی ہیں اس کے خلاف درآمد کنندگان وفاقی ٹیکس محتسب کے پاس شکایات درج کرا چکے ہیں جس پر سماعت کے دوران ویلیوایشن کو ہدایت کی جا چکی ہے کہ وہ درآمد کنندگان کی ان شکایات کا ازالہ کرے۔



تاجروں کے ایک وفد نے رکن قومی اسمبلی فہیم خان کی سربراہی میں صدر مملکت عارف علوی سے ملاقات کی اور انہیں امپورٹ میں درپیش زرمبادلہ اور ڈیٹنشن اور ڈیمرج سے ہونے والے تاجروں کے نقصانات سے آگاہ کیا اور اس سلسلے میں مدد کی درخواست کی، وفد میں دیگر کے علاوہ سابق سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن محمد اسلم جیلانی بھی شامل ہیں



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سترہویں بین الاقوامی کتب میلہ کا شاندار انعقاد، وزیر تعلیم سندھ نے افتتاح کیا

## گورنر سندھ کامران ٹیسوری، ایم کیو ایم کے خالد مقبول اور عامر خان، ڈاکٹر فاروق ستار، انڈونیشین قونصل جنرل سیکریٹری اسکول ایجوکیشن سمیت لاکھوں شہریوں کی شرکت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے 17 واں عالمی کتب میلہ کا جمعرات 8 دسمبر 2022 سے کراچی کے ایکسپو سینٹر میں آغاز ہوا جو پیر 12 دسمبر تک جاری رہا، میلے کا با قاعدہ آغاز افتتاحی تقریب سے ہوا تاہم تقریب سے قبل ہی ہزاروں افراد کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا اور طلبہ قطاریں بنا کر اندر داخل ہو رہے تھے اور کتابیں خرید رہے تھے ۔ میلے کا افتتاح صوبائی وزیر تعلیم سندھ سید سردار علی شاہ نے کیا جبکہ مہتاب اکبر راشدی نے خصوصی مقالا پیش کیا جبکہ ڈاکٹر فاطمہ حسن نے اپنی نظم ''کتاب میری سہیلی'' پیش کی۔ صوبائی وزیر تعلیم سردار علی شاہ نے کہا کہ کتاب نے دنیا میں ترقی کی راہ ہموار کی لیکن اب دور ڈیجیٹل چیزوں کا ہے نئے بچے کتاب کے ورق پلٹنے کے مزے سے واقف نہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہم انگریزی بولنے والی ایسی نسل پیدا کر رہے جسے ادب و شاعری اور تاریخ کا پتہ نہیں ہم بچوں کو ڈیجیٹل بچہ بنا رہے ہیں ہم کو انھیں کتابوں کے طرف لانا ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر تعلیم سندھ سید سردار شاہ نے کہا کہ اب دور ڈیجیٹل میڈیا پر چلا گیا، آج کے بچے کتابوں کے ورق پلٹنے کا مزح نہیں لیتے بلکہ ان کا سارا مزح گوگل سرچنگ میں ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ ہم بچوں کی آرگینک ''organic'' نسل تیار کر رہے ہیں، والدین بچوں کو ہائیبرڈ نسل بنانا چھوڑ دیں، والدین لاکھوں روپے خرچ کر کے انگریزی اسکول میں پڑھا کر خوش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارا بچہ بہت اچھی انگریزی بولتا ہے لیکن دیگر علوم اور اپنی زبان و تہذیب کے بارے میں بچے کیا جانتے ہیں اس پر والدین توجہ نہیں دیتے۔ انھوں نے کہا کہ آئیڈیاز کے ایک اجلاس میں ہم نے خود کہا تھا کہ ہماری تہذیب سے کبھی اسلحہ نہیں نکلا، یہ دنیا کو بتانے کی ضرورت ہے۔ سردار شاہ کا کہنا تھا کہ نجی اسکولوں میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ 10 سے 12 ہزار روپے ماہانہ دے کر استاد اردو اور سندھی پڑھا رہے ہیں جبکہ ان لوگوں کو اردو اور سندھی پڑھانا نہیں آتا۔ وزیر تعلیم کا کہنا تھا کہ میں اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ 15 ہزار نجی اسکول میں اردو سندھی پڑھانے کے لیے اچھے اساتذہ نہیں ہیں، ایسا ہی رہا تو آنے والے دور میں آج کے ادیب و دانشور فاطمہ حسن، سحر انصاری و دیگر کو پڑھنے والا کوئی نہیں ہوگا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ میں سیاست دان مجبوری میں بنا ہوں لیکن شاعر اپنی خواہش سے ہوں، سب سے پہلی غیر درسی کتب اپنے دادا کی سفارش پر شاہ جو رسالو چوتھی جماعت میں پڑھی تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہتاب اکبر راشدی نے کہا کہ آج معاشی بدحالی کے اس دور میں نوجوانوں اور بچوں کا اتنی بڑی تعداد میں آنا اور کتابیں خریدنا معاشرے کے لیے ایک امید کی کرن اور اچھا شگون ہے۔ انھوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے کہا تھا کہ ''جوانوں کو پیروں کا استاد کر'' اور آج اس کتب میلے میں نوجوانوں کی آمد اور کتابوں کی خریداری علامہ کے اسی مصرعے کے مصداق نظر آتی ہے، اب ہمارے اطراف کتابیں ہی کتابیں اور الفاظ ہی الفاظ ہیں۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن چیر مین عزیز خالد نے اپنے استقبالیہ خطاب میں کہا کہ پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہر سال کی طرح اس سال بھی کتابوں اور ادب سے شغف رکھنے والوں کے لیے منفرد بین الا قوامی میلہ کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2022 عروس البلاد کراچی میں سجایا گیا، بچوں نے وزیر تعلیم سردار شاہ سے بھی پہلے بک فیئر کا افتتاح کر دیا اندرونِ سندھ سے بھی بڑی تعداد میں کتابوں کے شوقین کی آمد کا سلسلہ جاری ہے، جب میں آیا اسکول کالجز کے طلبا و طالبات کی لمبی قطار تھی جو کہ خوش آئند ہے پاکستان کے بچوں کا کتابوں سے لگاؤ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، کتاب کلچر کا فروغ پاکستان




میں شروع ہو گیا ہے، انھوں نے کہا ہم چاہتے ہیں پورے پاکستان میں یہ میلہ لگایا جائے انٹرنیشنل بک فیئر کنویز وقار متین کا اس کتب میلے میں بھر پور تعاون کے لیے مشکور ہوں انھوں نے کہا کہ کتابوں کی قیمتیں بڑھتی جا رہی ہیں حکومت سے درخواست ہے کہ توجہ دیں، وزیر تعلیم سے بھی درخواست ہے کاغذ پر ڈیوٹی بنائیں ورنہ مستقبل میں نئی کتابیں چھاپنا مشکل ہو جائے گا اور وزیر تعلیم سے درخواست ہے کہ سندھ اسمبلی میں اس مسئلے کو اٹھائیں، عزیز خالد کا کہنا تھا کہ کے آئی بی ایف کا حالیہ ایڈیشن پچھلے تمام ایونٹس کے مقابلے میں منفرد ہوگا جس میں اس عالمی کتب میلے کے ذریعے پیشہ ورانہ مہارت اور دیگر امور کا تبادلہ بھی کیا جائے گا، کراچی کتب میلے کے انعقاد سے ہم اپنے معاشرے کو اقدار، انسانیت، برداشت اور تہذیب کا درس دیتے ہیں، کے آئی بی ایک کا مقصد پاکستانی نوجوان اور طلبہ کو یہ باور کرانا ہے کہ وہ اس آنے والے وقت میں مختلف فنون اور شعبوں میں علم و ہنر حاصل کر کے اپنے ملک و قوم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کریں۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان پبلشرز اور بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی کے بچے کتابوں سے پیار کرتے ہیں، اس لیے افتتاحی تقریب سے قبل ہی اسکول اور کالجوں کے طلبہ درجوق آمد شروع ہو گئی تھی۔ انھوں نے کہا کہ کاغذ بہت مہنگا ہو گیا ہے اس پر ڈیوٹی کم کی جائے تاکہ کتابیں اتنی مہنگی نہ ہو جائیں کہ لوگ پڑھنا چھوڑ دیں۔ لندن سے آئی ہوئی خاتون پبلیشرز میڈم چارلی نے کہا کہ انھیں پاکستان آنے کی خوشی ہوئی یہ بہت اچھا کتب میلہ جس کی جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔ کتب میلے کہ کنویئنر وقار متین نے کہا کہ میں 330 سے زائد کتب کے اسٹال لگائے گئے ہیں اور 17 مما لک کے تقریباً 40 ادارے کتب میلے میں حصہ لے رہے ہیں جبکہ پاکستان بھر سے 136 نامور پبلشرز نے بھی اپنے اسٹال لگائے ہیں اس بین الاقوامی کتب میلے کو پاکستان کے سب سے بڑے تجارتی میلے کا بھی اعزاز حاصل ہے جس میں نا صرف پاکستان بھر سے بلکہ ترکی، سنگاپور، چین، ملائیشیا، برطانیہ، متحدہ عرب امارات اور دیگر مما لک کے پبلشنگ اداروں نے بھی حصہ لیا ہے۔

اس موقع پر سندھی ادب میں کردار امر سندھو، اردو ادب میں خدمات پر افضال احمد سید، قرآن مجید اشاعت میں نمایاں خدمات پر قدرت اللہ اینڈ کمپنی کے مالک قدرت اللہ، پیراگون کی راحیلہ خیری، سندھی پبلشرز میں ممتاز بخاری اور لاہور کے پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے اعزازی جنرل سیکریٹری زبیر سید کو ان کی خدمات پر شیلڈ پیش کی گئیں۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری 5 روزہ سترہویں کراچی انٹرنیشنل بک فیئر 2022ء میں پہلی بار آئی ایس پی آر کی جانب سے لگایا گیا اسٹال توجہ کا مرکز رہا اور ریموٹ سے چلنے والے ربورٹ میں بچوں نے گہری دلچسپی لی اور طلبہ و شہریوں کا رش نظر آیا، نمائش میں نابینا افراد کے لیے بریل میں قرآن کریم اور رسائل بھی متعارف کروایا گیا، کتب میلے کے دوسرے دن 9 دسمبر 2022 کو بھی صبح سے ہی بڑی تعداد میں اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کے طلباء و طالبات کے علاوہ علمی شخصیات سمیت شہر کے ادیب، دانشور، صحافی، سیاستدان اور مختلف مکتبہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بھی بڑی تعداد میں نمائش کا رخ کیا، کتب اور رسائل میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا، بڑی تعداد میں نوجوان لڑکے لڑکیاں تعلیم سے متعلق کتابیں مختلف اسٹالز پر ڈھونڈتے نظر آئے، مختلف اسٹالز پر کتابوں کے علاوہ ویب سائٹس کی نمائش بھی کی جا رہی ہے، ایک اسٹال پر پبلشنگ کمپنی کے مالک نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ اس نمائش سے کتابوں کا کراچی سے رشتہ مظبوط ہوتا نظر آتا ہے، والدین کا کہنا تھا کہ کتب میلے کا انعقاد اس شہر کے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں، ہر تین ماہ یا چھ ماہ بعد اس طرح کا میلہ سجنا چاہیے



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111




تا کہ طلبہ اور شہریوں میں کتب سے دلچسپی برقرار رہے، دریں اثنا ایم کیو ایم پاکستان کے مرکزی رہنما خالد مقبول صدیقی سمیت مختلف ممالک کے سفارتکاروں، علمی و ادبی شخصیات نے جمعہ 9 دسمبر 2022 کو کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری 5 روزہ عالمی کتب میلے کا دورہ کیا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ تمام تر رکاوٹوں کے بعد شہر کراچی دنیا کا سب سے اچھا شہر ہے، شہر کراچی نے ہمیشہ علم کو فروغ دیا اور عالمی کتب میلہ اسکی پہچان ہے۔ ہفتہ 10 دسمبر 2022 کو بھی ہزاروں افراد نے کتب میلے کا رخ کیا۔ طلبہ و اساتذہ سمیت شہریوں کی بڑی تعداد ایکسپو سینٹر کھلنے سے قبل کتب میلے کے ہال کے باہر موجود تھی۔ تعلیمی ادارے کتب میلے طلبہ و طالبات کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدگی کا مظاہر کر رہے ہیں اور کراچی سمیت سندھ بھر کے اسکولوں کے طلبہ خصوصی بسوں کے ذریعہ میلے میں شرکت کے لیے پہنچتے رہے۔ کتب بینی کے شوقین افراد کے لیے پبلشرز کی جانب سے کتب کی خریداری پر 60 سے 70 فیصد تک رعایتی سیل لگادی گئی ہے، گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بھی میلے کے دورے میں کہا ہے کہ کتابیں شہر کے نوجوانوں کو مجرم نہیں بننے دیں گی ہر فرد اپنی پسندیدہ کتابیں پڑھنے کی عادت ڈالے تا کہ نسلوں کی تربیت اچھی ہو، کراچی کو دوبارہ روشنیوں کا شہر بنانے میں مدد کریں، ۔اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر کراچی ڈاکٹر سیف الرحمن کراچی میں تعینات انڈونیشیاء کے قونصل جنرل ڈاکٹر جون کینچورو ہیڈن گریٹ نے کہا ہے کہ دنیا میں معاشی بحران کے باوجود پاکستان میں کتب کی قیمتیں انتہائی کم ہیں۔ کراچی میں تعینات انڈونیشیا کے قونصل جنرل ڈاکٹر جونی کونچورو نے کہا ہے کہ دنیا میں معاشی بحران کے باوجود پاکستان میں کتب کی قیمتیں انتہائی کم ہے نمائش میں شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کی غمازی ہے کہ یہاں کے لوگ کتاب سے لگاؤ رکھتے ہیں یہ بات انھوں نے ہفتہ کو کراچی ایکسپو سینٹر میں گفتگو کرتے ہوئے کہی ان کا کہنا تھا کہ عالمی کتب میلے کا پہلی بار دورہ کر رہا ہوں یہاں مقامی اور غیر ملکی پبلشرز کی کتابیں معیاری اور سستی قیمت میں دستیاب ہیں انھوں نے کہا کہ پاکستانی بہت محنتی اور خوش اخلاق ہیں پاکستان میں رہتے ہوئے ہمیں یہاں اجنبیت کا احساس نہیں ہوتا، اہلیہ اور بچوں کے ساتھ درسی و تاریخی کتب لینے آیا ہوں، بعدازاں انھوں نے اہلیہ اور بچوں کے ہمراہ مختلف اسٹالوں کا دورہ کیا اور اسلامی کتب میں بھی بڑی گہری دلچسپی لی۔ نمائش میں شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کی غمازی ہے۔ کراچی میں جاری کتب میلے کے چوتھے روز اتوار 11 دسمبر 2022 کی تعطیل کے باعث لوگوں کا سمندر ایکسپو سینٹر میں امنڈ آیا جس کی وجہ سے ایکسپو سینٹر میں پارکنگ کی جگہ کم پڑ گئی اور شہریوں کو یونیورسٹی روڈ اور اطراف میں پارکنگ کرنی پڑی جس سے ٹریفک جام ہوگی اتوار 11 دسمبر کو سیکریٹری اسکول ایجوکیشن سندھ غلام اکبر لغاری، سربراہ تنظیم بحالی کمیٹی ڈاکٹر فاروق ستار، کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کے صدر فراز الرحمن اور دیگر اہم شخصیات نے کتب میلے کا دورہ کیا ان کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت سرکاری اسکولوں کی لائبری کو دوبارہ فعال کریگی، جدید ٹیکنالوجی کے دور میں بھی عوام کی کتابوں سے رغبت کم نہ ہوئی، پاکستان میں کتابوں کی صنعت کو بچانے کیلئے درآمدی کاغذ پر عائد ڈیوٹی کو کم کرانے میں تجارتی انجمن بھی اپنا کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ کتب میلے کے چوتھے روز مختلف ممالک کے سفارتکاروں، علمی و ادبی شخصیات نے بھی دورہ کیا اور اپنے پسند کی کتابوں میں دلچسپی ظاہر کی۔ سربراہ تنظیم بحالی کمیٹی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ عالمی کتب میلہ کراچی کی شناخت بنتا جارہا ہے جس کو کوئی کتاب کہیں نہیں ملتی یہاں وہ کتاب دستیاب ہوتی ہے۔ لڑکیاں بھی تعلیم حاصل کریں اور اپنا مستقبل روشن بنائیں۔ اس موقع پر سیکریٹری اسکول ایجوکیشن غلام اکبر لغاری کا کہنا تھا کہ یورپ میں سب سے زیادہ کتابیں چھپتی ہیں مگر وہاں لوگوں کی آسانی کے لیے الیکٹرانک بک متعارف ہوچکی ہیں پاکستان میں ہر شخص کتاب نہیں پڑھتا مگر پڑھنے والے اب بھی کتابیں پڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کتب بینی کو فروغ دینے کیلئے سرکاری اسکولوں میں قائم پرانی لائبریریوں کو فعال کرنے کا پروگرام بنایا ہے اور نئی سرکاری اسکولوں کی عمارتوں میں ہال بھی تعمیر کر رہے ہیں۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں جاری 5 روزہ 17 واں کتب میلہ پیر 12 دسمبر 2022 کو اختتام پزیر ہوگیا رات تک کتب کے خریداروں کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری رہا، انتظامیہ کے مطابق 6 لاکھ سے زائد لوگوں نے کتب میلہ کا دورہ کیا اور کتابوں کی خوب خریداری کی پیر 12 دسمبر کو ڈائریکٹوریٹ پرائیوٹ انسٹی ٹیوشنز کی رجسٹرار پروفیسر رفیعہ ملاح نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کتب میلے کا دورہ کیا اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ڈائریکٹوریٹ نے خصوصی طور پر طلبہ کیلئے گرینڈ بک فیئر کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے اس ضمن میں نجی تعلیمی اداروں کی ایسوسی ایشنز، متعلقہ اداروں اور پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز سے مشاورت کی جائے گی جبکہ پاکستان پبلشرز ایسوسی ایشن نے اس حوالے سے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے انہوں نے کہا کہ دور جدید یا ڈیجیٹل دور میں کتب میلہ کی افادیت کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد اور کراچی انٹرنیشنل کتب میلے کے کنوینئر وقار متین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر درآمدی کاغذ پر عائد ٹیکس میں کمی اور مقامی پیپر صنعتوں کی جانب سے کاغذ کی قیمتیں کم کردی جائیں تو پاکستان بھر کے پبلشرز بھی کتابوں کی قیمتیں کم کرسکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ عالمی کتب میلے میں ملکی و غیر ملکی تمام پبلشرز نے نمائش کے آخری دن کتابوں کی قیمتیں انتہائی کم کرکے نہ صرف انتظامیہ بلکہ کتب بینی کا شوق رکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی ہے یہی وجہ ہے کہ نمائش سابقہ تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، غیر ملکی پبلشرز کے ساتھ پاکستان میں جوائنٹ ایڈونچر کرنے کے خواہشمند ہیں، انہوں نے کہا کہ کتب میلے کے آغاز پر شائقین جتنے پر جوش تھے اس کے اختتام پر اتنے ہی افسردہ بھی تھے۔ کتب میلے میں ہر مزاج کے قارئین کے ذوق وشوق کے مطابق پسندیدہ موضوعات، بیسٹ سیلرز، نوجوانوں کے فلکشن، رومانوی، جرم و سسپنس، سائنس فکشن، بزنس، سیلف ہیلپ، آرکیٹیکچر، ڈیزائن، کوک بکس، ادبی، اسلامی، بچوں کی کہانیاں اور نصاب کی کتابوں سمیت دیگر موضوعات پر کتابوں کے تین سوتیس سے زائد اسٹالز لگائے گئے تھے، اس کتب میلے کا حالیہ ایڈیشن پچھلے تمام ایونٹس کے مقابلے میں منفرد تھا جس سے ہم اپنے معاشرے کو اقدار، انسانیت، برادشت اور تہذیب کا درس دیتے ہیں مستقبل میں طلبہ مختلف فنون اور شعبوں میں علم و ہنر حاصل کر کے اپنے ملک وقوم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کریں، کراچی میں سجے عالمی کتب میلے میں کئی اسٹالز ایسے بھی سجائے گئے تھے جس میں شہریوں نے اپنے مقالہ جات کو کتابوں کی شکل میں پیش کیے، کسی نے پاکستان اور مشرقی پاکستان کی فلمی ت پر مکمل تحقیقات کر کے مقالے کو کتاب کی شکل میں شائع کروا کر اسٹال میں رکھوادی تو کسی نے معذور افراد کی بحالی اور ان کی صلاحیتوں پر مقالے بھی پیش کیے، میلے میں آئی ایس پی آر کے اسٹال پر قوم، دوقومی نظریہ، جناح اور شہدا کے حوالے سے کت کی دھوم مچی ہوئی تھی، علم کی بستی میں کتاب دوست علم کا سمندر سمیٹنے کیلئے اپنی فیملیز کے ساتھ بھی آئے، سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ بچوں کو کتابوں کی اہمیت سے روشناس سے کرانے کتب میلے میں لیکر آئے تھے اساتذہ نے کہا کہ ضروری نہیں بچے کتاب خریدیں بچوں کو کتابوں سے متعارف کروانا ہی بہت ضروری ہوتا ہے تا کہ انسان اور کتاب کا رشتہ ہمیشہ قائم رہے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# سندھ ہائیکورٹ نے سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی ریکوری کے لئے محکمہ کسٹمز کے بنائے گئے کیس ختم کردیئے

کراچی(بزنس ڈیسک)سندھ ہائیکورٹ نے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے بعد سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی ریکوری کے لئے ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کسٹمز کی جانب سے بنائے گئے مقدمات کوختم کرنے کے احکامات جاری کردیئے ہیں عدالت کی جانب سے جاری کئے جانے حکم میں کہا گیا ہے کہ درآمدی کنسائمنٹس کے کلیئر ہونے کے بعد محکمہ کسٹمز کو اس بات کا اختیارنہیں ہے کہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی ریکوری کے لئے شوکازنوٹس جاری کرے یا ان پر مقدمات قائم کرے،سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی ریکوری کا اختیارصرف ان لینڈ ریونیو کے محکمہ کو حاصل ہے۔دستاویزات کے مطابق میسرز نیسلے پاکستان ،میسرز پیراکون انجینئر نگ،میسرز اٹک پیٹرولیم،میسرز آئل اینڈ گیس پاکستان،میسرز ہیسکول پیٹرولیم اور دیگر کمپنیوں کی جانب سے متعدد کنسائمنٹس کی درآمد کی گئی جن کی کلیئرنس محکمہ کسٹمز نے مکمل جانچ پڑتال کے بعد کلیئر کئے اوراس وقت محکمہ کسٹمز کی جانب سے کسٹمز ڈیوٹی اور دیگر ٹیکسز کی مد میں رقوم قومی خزانے میں جمع بھی کی گئی لیکن کچھ عرصے کے بعد ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کسٹمز کراچی کی جانب سے مزکورہ کمپنیوں کا آڈٹ کیا گیااوراس میں الزام عائد کیا گیا کہ مذکورہ کمپنیوں کی جانب سے کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے وقت سیلز ٹیکس اورانکم ٹیکس کی مد میں جمع کئے جانے والے محصولات کم شرح کے مطابق گئے ہیں جس پر ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ کراچی نے مذکورہ کمپنیوں کو سیلز ٹیکس اورانکم ٹیکس کی ادائیگیوں کے لئے ڈیمانڈ نوٹس جاری کئے گئے اورادائیگیاں نہ کرنے کی صورت میں مذکورہ کمپنیوں پر مقدمات قائم کئے گئے اور کسٹمز ایڈ جیوڈ یکیشن نے بھی ان کمپنیوں کے خلاف فیصلہ سناتے ہوئے جرمانے عائد کئے گئے ۔ذرائع نے بتایا کہ میسرز نیسلے ،میسرز اٹک پیٹرولیم اور دیگر کمپنیوں نے اس سلسلے میں سندھ ہائیکورٹ میں پٹیشن دائرکیں جس پر عدالت نے مذکورہ کمپنیوں کے حق میں فیصلے دیتے ہوئے محکمہ کسٹمز کوخبر دار کیا ہے کہ درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے بعد سیلز ٹیکس اورانکم ٹیکس کی وصولی ان کے دائرہ کار میں نہیں آتی بلکہ یہ کام صرف ان لینڈ ریونیو کے محکمہ کا ہے اس لئے سندھ ہائیکورٹ نے محکمہ کسٹمز کی جانب سے سیلز ٹیکس اورانکم ٹیکس کی وصولی کے لئے دیئے جانے والے شوکاز نوٹس کوختم کرنے کے احکامات جاری کردیئے ہیں۔

# گورنر سندھ سے اسٹیٹ بینک گورنر کی ملاقات

کراچی(بزنس ڈیسک)گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔گورنر ہاؤس سے جمعرات 8 دسمبر کو جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی معاشی صورتحال،تاجروں وصنعت کاروں کو درپیش مسائل، اسٹیٹ بینک کی جانب سے انہیں ممکنہ مراعات کی فراہمی اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ ایز آف ڈوئنگ بزنس پر عملدرآمد میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تاجروں اورصنعت کاروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر کے معاشی ترقی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کا معاشی حب ہونے کے باعث خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔گورنر سندھ نے کہا کہ ملکی برآمدات میں اضافہ کے لئے ایکسپورٹرز کو مراعات دی جانا ضروری ہیں۔اسٹیٹ بینک کے گورنر نے کہا کہ تاجروں وصنعت کاروں کے مسائل حل کرنے کے اقدامات کئے جائیں گے۔

# طیب جی روڈ پر تالے کاٹ کر چوری کی وارداتیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گزشتہ کئی ہفتوں سے پیپر مارکیٹ کے علاقے میں رات کے اوقات میں تالے کاٹ کر چوری کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا ہے اس ہفتے بھی طیب جی روڈ اور پاکستان چوک کے سنگم پر واقع دو دکانوں کے تالے کاٹ کر چور نقدی اور سامان لے گئے۔اعزازی جنرل سیکریٹری سدرن زون احمد اظہر نے دکانداروں سے کہا ہے کہ وہ حفاظتی اقدامات کو بہتر بنانے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں اور چوکیداری نظام پر غور کریں تاکہ مستقبل میں ان حادثات سے بچا جا سکے۔

# دکانوں کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات کی ضرورت کیمرے اور لائٹ کی تنصیب

کراچی(پیپر بزنس نیوز)آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اپنے تمام ممبران و دوکانداران کو مطلع کرتی ہے کہ گذشتہ دنوں پیپر مارکیٹ میں میسرز سندھ پیپر مارٹ اور دیگر دوکانوں کے تالے توڑ کر ان میں سے سامان چوری کیا گیا ہے۔جس کی اطلاع متعلقہ تھانے میں کردی گئی ہے اور کچھ روز قبل ایک بڑی ڈکیتی کی واردات بھی ہوچکی ہے اور آگے بھی وارداتوں کے بڑھ جانے کا خدشہ ہے۔لہٰذا اس سلسلے میں دوکاندار اپنی دکانوں کے حفاظتی انتظامات کو باہمی طور پر مزید بہتر بنائیں۔اس کے علاوہ رات کے اوقات میں دوکان کے باہر روشنی کا بھی انتظام رکھیں تا کہ کوئی بھی شخص تاریکی کا فائدہ اٹھا کر واردات نہ کر سکے۔ہر دوکاندار کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی دوکان میں C.C.TV کیمرے اور دوکان کے باہر روشنی کا فوری انتظام کریں۔ایپما اپنے تمام ممبران کی جان و مال کو اولین ترجیح دیتی ہے لہٰذا تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے انتظامات کو مزید بہتر بنائیں۔اس سلسلے میں اراکین اپنی تجاویز کے لیے چیئرمین لاء اینڈ آرڈر سب کمیٹی جناب محمد عمران موبائل نمبر 0321-9280425 سے رابطہ کر سکتے ہیں۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وفاق اور صوبوں کا سیلز ٹیکس ریٹرن ایک کر دیا جائے گا، چیئرمین سندھ ریونیو بورڈ واصف میمن

کراچی (بزنس ڈیسک) کاروباری برادری کی سہولت کیلئے وفاق اور چاروں صوبوں کا سیلز ٹیکس ریٹرن ایک کر دیا جائے گا، اس مقصد کے لئے سنگل ونڈو متعارف کرانے کا فیصلہ ہوا ہے، 18 ویں ترمیم سے صوبوں کو بہت فائدہ پہنچا ان کی آمدنی بڑھ گئی، سندھ حکومت کے تمام ٹیکس ایک جگہ جمع کرانے کے لئے بھی سنگل ونڈو متعارف کرانے پر کام ہو رہا ہے، سندھ میں آئی ٹی سیکٹر پر سیلز ٹیکس کی شرح کم کر کے 3 فیصد کر دی گئی ہے جس کے بعد اس شعبے میں رجسٹریشن کرانے والوں کی شرح میں 10 فیصد اضافہ ہوا ہے، ایس آر بی نے پوش علاقوں کے ہاسپٹل، کلینک اور دیگر پروفیشنل کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا کام شروع کر دیا ہے، ریسٹورنٹس پر پی او ایس سسٹم کے نفاذ سے ٹیکس ریونیو بڑھ گیا ہے، رواں سال ایس آر بی کی ٹیکس وصولی میں 23/ فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ان خیالات کا اظہار سندھ ریونیو بورڈ کے چیئرمین واصف میمن نے خصوصی بات چیت میں کیا۔ واصف میمن نے کہا کہ اس وقت سروسز پر سیلز ٹیکس صوبے وصول کر رہے ہیں، اس لئے بینک، ٹیلی کام، انشورنس، کنسٹرکشن سمیت وہ تمام کمپنیاں جن کے دفاتر ملک بھر میں ہیں انھیں سیلز ٹیکس ریٹرن الگ الگ جمع کرانے میں مشکلات کا سامنا ہے لیکن کاروباری برادری کیلئے یہ خوشخبری ہے کہ چاروں صوبوں اور وفاق کا ایک ریٹرن فارم متعارف کرانے کا فیصلہ ہو چکا، کچھ قانونی پیچیدگیوں کے بعد اس پر عمل درآمد شروع ہو جائے گا، ون ونڈو متعارف کرانے کے بعد کاروباری برادری کو بڑی سہولت ملے گی، یہ ون ونڈو نیشنل ٹیکس کونسل کے تحت قائم ہوگی، انھوں نے کہا کہ اسی طرح سندھ میں سیلز ٹیکس، زرعی انکم ٹیکس، سوشل سیکورٹی، ایکسائز ڈیوٹی، موٹر وہیکل ٹیکس، انفرااسٹرکچر ٹیکس، پروفیشنل ٹیکس اور ورکرز ویلفیئر ٹیکس ایک جگہ جمع کرنے کے لئے ون ونڈو پر کام ہو رہا ہے، واصف میمن نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کی آمدنی بڑھی ہے، 2000ء میں سیلز ٹیکس صوبوں کو منتقل کرنے کا آرڈیننس آیا تھا اس وقت سے لیکر 2010ء تک یہ ٹیکس ایف بی آر جمع کرتا تھا لیکن ان 10 سال میں صرف سندھ کو 32 ارب کا سیلز ٹیکس ملا لیکن 2010ء کے بعد 2020ء کے عرصے میں ایس آر بی نے 988/ ارب روپے جمع کئے، یہ ایک بڑا نمایاں اضافہ ہے، ایس آر بی اپنا دائرہ کار بھی بڑھا رہا ہے ابھی حال ہی میں ہم نے نوابشاہ میں ریجنل آفس قائم کیا ہے، اس وقت صوبے میں جمع ہونے والے تمام ٹیکس جس میں پراپرٹی، ایکسائز وغیرہ شامل ہیں ان کا 52 فیصد ایس آر بی جمع کرتا ہے۔ ایک سوال پر انھوں نے بتایا کہ صوبے میں ڈینٹل کلینک پر ٹیکس عائد کر دیا گیا ہے لیکن یہ ان کی ویلیو ایڈڈ سروسز پر ہے، کنسٹرکشن انڈسٹری پر ٹیکس پہلے سے عائد ہے لیکن اس مسئلے پر آباد عدالت میں گئی ہے جس کی وجہ سے اس سیکٹر میں ٹیکس نیٹ بڑھانے کا کام رکا ہوا ہے، انھوں نے کہا کہ آئی ٹی سیکٹر پر ٹیکس کی شرح ہم نے 3 فیصد کر دی ہے، تاہم ایکسپورٹ سیکٹرز زیرو ریٹ ہے، دوسرے صوبوں میں یہ شرح 5 فیصد ہے اس لئے ہمارے ہاں آئی ٹی کمپنیوں کی رجسٹریشن 10 فیصد بڑھی ہے، چیئرمین ایس آر بی نے بتایا کہ رواں مالی سال میں یکم دسمبر تک ہم نے 63/ ارب جمع کئے ہیں گزشتہ سال اس عرصے میں یہ وصولی 51 ارب تھی اس طرح ہماری ٹیکس وصولی 23/ فیصد بڑھی ہے ہم با آسانی اپنا ہدف حاصل کر لیں گے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ریسٹورنٹس پر پوائنٹ آف سیلز (پی او ایس) سسٹم کے نفاذ سے ٹیکس ریونیو میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اس وقت تک ہم 196/ ریسٹورنٹس پر یہ سسٹم نافذ کر چکے ہیں، اب اس کا دائرہ کار بڑھا رہے ہیں، شہر کی ڈھابہ فوڈ اسٹریٹس کو بھی نیٹ میں لا رہے ہیں یہ بڑی بڑی فوڈ چین سے زیادہ کما رہے ہیں، جیسے راشد بنگالی کو ہم نیٹ میں لائے ہیں، اب ناظم آباد، راشد منہاس روڈ، بوٹ بیسن کو بھی نیٹ میں لائیں گے، فرنچائز سروسز، ایڈورٹائزمنٹ سروسز، انشورنس سروسز، پورٹ ٹرمینل آپریٹرز کے مسئلے پر دوسرے صوبوں سے ہمارے تنازعات چل رہے ہیں انھیں این ٹی سی کی سطح پر حل کرنے کے لئے کام ہو رہا ہے، واصف میمن نے کہا کہ سندھ میں سیلز ٹیکس کی شرح 13 فیصد ہے جو کہ دیگر صوبوں کی نسبت کم ہے۔

## 90 دن کیلئے جاری عمرہ ویزہ کی مدت میں توسیع نہیں ہوگی

مکہ مکرمہ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی عرب کی وزارت حج وعمرہ نے کہا ہے کہ 90 دن کے لیے جاری کیے جانے والے عمرہ ویزہ کی مدت میں توسیع نہیں کی جاسکتی۔ سعودی ذرائع ابلاغ نے وزارت حج وعمرہ کے ٹویٹ بیان کے حوالے سے کہا کہ عمرہ پرمٹ کے حصول سے قبل اس بات کی یقین دہانی کی جائے کہ زائر کورونا میں مبتلا نہ ہوا اور نہ ہی مکہ مکرمہ آنے سے قبل وہ مصدقہ کورونا میں مبتلا کسی شخص سے ملا ہو۔ عمرہ ویزے کے حوالے سے وزارت حج وعمرہ کی جانب سے واضح کیا گیا کہ اس ویزے کی مدت 90 روز ہوتی ہے، مذکورہ مدت کے دوران ویزہ ہولڈر مملکت میں قیام کرنے کا اہل ہوتا ہے تاہم 90 روزہ عمرہ ویزے کی مدت میں مزید توسیع نہیں کرائی جاسکتی۔

# ایف بی آر کا ٹیکس مستثنیٰ علاقوں کی نگرانی کیلئے چیک پوسٹس قائم

کراچی (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس سے مستثنیٰ آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور قبائلی علاقوں سے پاکستان کے دیگر حصوں کو سپلائی ہونے والے مال کی نگرانی اور دستاویزات کی جانچ کے لیے موبائل ٹیموں پر مشتمل 16 ریونیو چیک پوسٹس قائم کر دی ہیں۔ ایف بی آر نے ٹیکس موبائل اسکواڈز سے لیس چیک پوسٹس کے قیام کے لیے موبائل اسکواڈز تشکیل دینے کے لیے ایس آر او 2022(I)206 جاری کر دیا ہے۔ جن مقامات میں یہ چیکس پوسٹس بنائی گئی ہیں ان میں کارخانو مارکیٹ چیک پوسٹ خیبر ڈسٹرکٹ، شیر گڑھ چیک پوسٹ مالاکنڈ ڈویژن کے خارجی راستے پر، مالاکنڈ ڈویژن کے خارجی راستے پر قائم کی جانے والی سودام رستم چیک پوسٹ، بنوں میراں شاہ روڈ نمبر چار پر باکاخیل کے مقام پر موبائل اسکواڈ، مالاکنڈ ڈویژن کے خارجی راستے پر کٹلانگ چیک پوسٹ، مالاکنڈ ڈویژن کے خارجی راستے پر ٹول پلازہ سے آگے پشاور موٹر وے چیک پوسٹ، مالاکنڈ ڈویژن کے خارجی راستے پر چارسدہ موٹر وے چیک موبائل اسکواڈ نمبر تین پوسٹ، مالاکنڈ ڈویژن کے لیے صوابی موٹر چیک پوسٹ (ٹول پلازہ کے باہر)، مہمند سے باہر نکلنے والے راستے پر شبقدر چیک پوسٹ، مہمند کے خارجی راستے پر وارسک روڈ کی چیک پوسٹ، خیبر ڈسٹرکٹ کے لیے شاہ خاص روڈ، خیبر ڈسٹرکٹ کے خارجی راستے پر متانی چیک پوسٹ، اورکزئی ایجنسی کے مین خارجی راستے پر بویا پیرہ کے مقام پر اولڈ میری چیک پوسٹ، ساؤتھ وزیرستان کے خارجی راستے پر وانا روڈ پر وزیر آباد ٹانک کی چیک پوسٹ، کوہاٹ ٹنل کے اخراج پر خیبر ڈسٹرکٹ کے لیے چیک پوسٹ شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے تحت ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں سے مال کی ترسیل کرنے والی گاڑیوں کے لیے ترسیل کی جانے والی اشیاء سے متعلق دستاویزات پیش کرنا لازمی ہوگا۔ ریجنل ٹیکس آفس اپنی حدود میں ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں کے خارجی راستوں پر چیکس پوسٹس قائم کرنے کے مجاز ہوں گے تا کہ ان اشیاء کا معائنہ اور دستاویزات کی جانچ پڑتال کی جاسکے۔ ان چیک پوسٹس پر کمشنران لینڈ ریونیو کے مقرر کردہ ان لینڈ ریونیو کے آفیسر رینک کے انسپکٹرز تعینات ہوں گے جو ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں سے آنے والی گاڑیوں کو روک کر اشیاء کی مالیت اور مقدار کی تصدیق کے ساتھ دستاویزات کی جانچ کرنے کے مجاز ہوں گے۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں سے آنے والی گاڑیوں میں موجود اشیاء کی مجوزہ دستاویزات کی عدم موجودگی میں گاڑی کو سامان سمیت تحویل میں لے لیا جائے گا۔ گاڑی اور سامان کے مالک کو نوٹس جاری کیے جائیں گے اور پندرہ روز کے اندر جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ ایف بی آر کے مطابق ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں کا مطلب آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان، آئین کے آرٹیکل 246 کے ضمرے میں آنے والے قبائلی علاقوں کی سرحدوں پر قائم بازار اور اس قسم کے دیگر علاقے شامل ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# چیئرمین ایف بی آر کی زیر التواء ریونیو کیسز کی موثر پیروی کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) عاصم احمد نے تمام چیف کمشنرز ان لینڈ ریونیو (سی سی آئی آر) کو ہدایت کی کہ وہ ٹیکس دہندگان کے زیر التوا مسائل کو حل کرنے کے ساتھ ساتھ ریونیو کے تحفظ کے لیے عدالتوں میں زیر التواء ریونیو کیسز کی موثر پیروی کریں۔انہوں نے بڑے ٹیکس دہندگان کے دفتر (LTO) میں ایک میٹنگ کی اور دسمبر 2022 کے لیے تفویض کردہ اہداف کے حوالے سے تمام چیف کمشنرز کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔تمام CCIRs کی طرف سے موجودہ مہینے کے بجٹ کے ہدف کو حاصل کرنے کے لیے تفصیلی پریزنٹیشنز، پروجیکشن اور حکمت عملی کا خاکہ پیش کیا گیا۔CCIRs نے دسمبر 2022 کے ساتھ ساتھ مالی سال 2022-23 کی دوسری سہ ماہی کے لیے مقرر کردہ ہدف کو حاصل کرنے کے لیے قابل عمل حکمت عملی بھی پیش کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایف بی آر نے تمام سی سی آئی آرز کو ہدایت کی کہ وہ محصولات کو موثر طریقے سے محفوظ کریں اور رواں ماہ اور 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والی دوسری سہ ماہی دونوں کے لیے مقرر کردہ بجٹ اہداف کو پورا کریں۔چیئرمین ایف بی آر نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت ایف بی آر کی پالیسیوں پر کامیاب عمل درآمد کو یقینی بنائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس دہندگان کے زیر التوا مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جانا چاہیے۔بعد ازاں چیئرمین ایف بی آر نے کسٹمز ہاؤس کراچی میں چیف کلکٹرز اور کسٹمز کے ڈائریکٹر جنرلز کے اجلاس کی صدارت کی۔چیئرمین نے کسٹمز فیلڈ فارمیشنز پر زور دیا کہ وہ دسمبر کے مہینے کے لیے مقرر کردہ مجموعی ریونیو کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی وضع کریں تاکہ رواں مالی سال کی پہلی ششماہی شاندار طریقے سے ختم ہو۔چیف کلکٹرز نے بتایا کہ گزشتہ پانچ مہینوں میں کسٹمز فیلڈ فارمیشنز نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے حکومت کی جانب سے متعارف کرائے گئے متعدد ضوابط کی وجہ سے درآمدی دباؤ کے باوجود محصولات کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے بھرپور کوشش کی ہے۔چیئرمین ایف بی آر کو تشخیص کے طریقوں اور تشخیص کے طریقہ کار میں انقلاب لا کر غلط انوائسنگ/انڈر انوائسنگ کے رجحان کو روکنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔اس سلسلے میں کئی نئے ویلیوایشن رولنگ کے اجراء کے علاوہ متعدد ویلیویشن رولز پر نظر ثانی کی گئی ہے۔انسداد اسمگلنگ پالیسی بھی زیر بحث آئی اور اگست فورم کو آگاہ کیا گیا کہ اسمگلنگ کی لعنت پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں کو اس رجحان سے بچانے کے لیے صفر برداشت کی پالیسی اپنائی گئی ہے۔

# حکومتی وضاحتیں بے اثر، بینکوں کا وزارت خزانہ کی اجازت کے بغیر ایل سی کھولنے سے انکار

کراچی (پیپر بزنس نیوز) غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر، برآمدات اور ترسیلات زر میں کمی کے منفی اثرات سامنے آنے لگے۔پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے یا معاشی ایمرجنسی لگانے سے متعلق تمام تر حکومتی وضاحتوں کے باوجود ڈالرز کی قلت اثر دکھانے لگی۔تاجروں کو ادویات، خام مال اور پیاز سمیت ضروری اشیا کی درآمد میں مشکلات کا سامنا ہے۔دفاعی آلات کی درآمد کیلئے بھی ایل سی کھولنے سے پہلے وزارت خزانہ کی اجازت ضروری قرار دیدی گئی۔اسٹیٹ بینک کے مطابق زرمبادلہ ذخائر گذشتہ ایک سال میں 10 ارب 79 کروڑ ڈالر کمی کے بعد 6 ارب 71 کروڑ ڈالر رہ گئے جبکہ 4 ماہ میں ترسیلات زر 8.6 فیصد کمی سے 9.9 ارب ڈالر جبکہ پانچ ماہ میں برآمدات ساڑھے 3 فیصد کمی سے 11 ارب 93 کروڑ ڈالر رہیں۔سابق مشیر خزانہ ڈاکٹر نجیب خاقان کا کہنا ہے کہ پاکستان کو ڈالر کی قلت کا سامنا ہے ان فلوز کم ہیں اور آوٹ فلوز زیادہ ہیں۔اسٹیٹ بینک نے امپورٹس کم کرنے کیلئے کچھ اشیا کی درآمد پر پابندیاں لگائی ہیں جو 15 فیصد درآمدات کو کور کرتی ہیں۔ماہر اقتصادی امور ڈاکٹر ساجد امین کا کہنا ہے کہ اگر ہم آئی ایم ایف کے ساتھ نویں اقتصادی جائزے کو کامیابی سے لے چلتے ہیں اور بائی لیٹرل سپورٹ ہمیں مل جاتی ہے تو ہم ڈیفالٹ نہیں کریں گے لیکن اگر اس وقت آئی ایم ایف کے اوپر سیاست کرتے ہیں تو پھر ڈیفالٹ کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ادارہ شماریات کے مطابق اس سال درآمدات کو 80 ارب ڈالر سے کم کر کے 65 ارب ڈالر تک لانے کا ہدف ہے۔اسٹیٹ بینک ایک لاکھ ڈالر تک کی ایل سی کھولنے کی اجازت دے چکا، آئی ایم ایف کی اگلی قسط ملنے کے بعد صورتحال مزید بہتر ہو جائے گی۔

# امارات میں ایک لاکھ ڈالر سے زائد آمدنی پر 9 فیصد ٹیکس

ابوظہبی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات نے ایک لاکھ ڈالر سے زیادہ کمانے والی کمپنیوں پر 9 فیصد کارپوریٹ ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے، امارات میں اس سلسلے میں ایک قانون کے نفاذ کا حکم جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے ایسی کاروباری کمپنیوں کو 9 فیصد کارپوریٹ ٹیکس دینا ہوگا جن کی آمدنی ایک لاکھ ڈالر یا تین لاکھ 75 ہزار اماراتی درہم سے زیادہ ہوگی، اس ٹیکس کا اطلاق یکم جون 2023 سے ہوگا، اماراتی وزارت خزانہ نے بھی اس نئے ٹیکس کے اعلان کی تصدیق کر دی ہے۔اس اقدام کو ملکی معیشت اور قوانین کے حوالے سے اہم سنگ میل قرار دیا گیا ہے، اس کے نتیجے میں ایک مضبوط ٹیکس رجیم ممکن ہو سکے گی نیز امارات عالمی سطح پر اپنے اہداف کا حصول ممکن بنا سکے گا، وزارت خزانہ کے مطابق یہ کارپوریٹ ٹیکس دنیا میں جاری زیر عمل بہترین ٹیکس سسٹم کے مطابق اختیار کیا گیا ہے تاہم ملک میں قدرتی وسائل نکالنے سے متعلق کمپنیوں کو اس ٹیکس سے چھوٹ ہو گی، نیز حکومتی ادارے، پنشن فنڈ، انویسٹمنٹ فنڈ اور عوامی بہبود کے ادارے کارپوریٹ ٹیکس سے متقی ہونگے۔کارپوریٹ ٹیکس تنخواہوں سے ہونیوالی آمدنی پر بھی لاگو نہیں ہوگا۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229

# امارات کا پاسپورٹ دنیا کا بہترین قرار

کراچی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کے پاسپورٹ کو دنیا میں سب سے طاقتور پاسپورٹ قرار دیا گیا ہے۔آرٹن کیپیٹل کی جانب سے جاری دنیا کے طاقتور ترین پاسپورٹس کی فہرست میں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کا نام سرفہرست رہا۔یو اے ای کا پاسپورٹ رکھنے والے شہری ویزا لیے بغیر 180 ممالک کا سفر کرسکتا ہے۔اس فہرست میں پاکستان کمزور ترین پاسپورٹ رکھنے والا چوتھا ملک قرار پایا جو صومالیہ کے ساتھ مشترکہ طور پر 94 ویں نمبر پر موجود ہے۔پاکستانی پاسپورٹ پر 44 ممالک میں ویزے کے بغیر سفر کیا جاسکتا ہے۔پاکستان سے نیچے عراق (95 ویں نمبر پر)، شام (96 ویں نمبر پر) اور افغانستان (97 ویں نمبر پر) موجود ہیں۔اس کے مقابلے میں یمن (93 ویں)، بنگلہ دیش (92 ویں)، شمالی کوریا، لیبیا اور فلسطین (91 ویں) اور ایران (90 ویں نمبر پر) پاکستان کے مقابلے میں زیادہ طاقت ور پاسپورٹ قرار پائے۔آرٹن کیپیٹل کی جانب سے جاری بیان کے مطابق عالمی سطح پر سفر کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، اب بھی دنیا کو وبا کے اثرات کا سامنا ہے مگر سفر کرنا اب بہت آسان ہو گیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ساہیوال انٹر بورڈ کا پرنٹڈ میٹریل کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:366/اسٹور
پروفارمہ، رزلٹ کارڈ، رول نمبر سلپس اور لفافے
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: شعبہ اسٹور، ساہیوال۔
فون:040-4272159

## غازی یونیورسٹی کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:7/2022-23
آنسر شیٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:27دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: کنوینر آفس، یونیورسٹی جنرل پرچیز کمیٹی، ڈیرہ غازی خان۔
فون:064-9260124-0332-7811230

## IESCO کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:149۔اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر حوالہ نمبر:151
وائٹ پیپر A4 سائز،70اور80 گرام
وائٹ پیپر لیگل سائز،80 گرام
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:22دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: چیف منیجر (ایم ایم) ہیڈ آفس، اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی، اسلام آباد۔
فون:051-9252937-938-939

## نادرن کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:NADRA-HQ-RFB-237/2022
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:29دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، گراؤنڈ فلور، 30۔ ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔
فون:051-90392868

## بائیوٹیکنالوجی انسٹی ٹیوٹ کا اسٹیشنری و پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:62/2020
پیپر A4 سائز،80 گرام،500ریم
ٹینڈر حوالہ نمبر:63/2022 اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: سینئر ایڈمن آفیسر (پروکیورمنٹ)، پی او بکس نمبر 577، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔
فون:041-9201316-20EXT:3204-3206

## نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:06/2022-23

# کاروباری مواقع
# TENDERS

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: سینئر ایڈمنسٹریٹر آفیسر (پروکیورمنٹ)، G-8/1، ماؤ ایریا، اسلام آباد۔
فون:051-9263025

## SME بینک کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:SME-2022-012
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹ ہیڈ سروسز، ہیڈ آفس، 56-F، ناظم الدین روڈ، F-6/1، بلیو ایریا، اسلام آباد۔
فون:051-9221945/0308-77739978

## ٹوورازم ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ماہانہ میگزین کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:22دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی جنرل منیجر (سی) ہیڈ آفس، 68، ٹریڈ سینٹر بلاک، ایم اے جوہر ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-99231349/0321-4552000

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:UE/37
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:23دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، کالج روڈ ٹاؤن شپ، لاہور۔
فون:042-99262230

## نیب کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
3-2/AD(Pro)Admin/NAB(K)2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:21دسمبر 2022ء
